



مولانا سید خواجہ معز الدین اشرفی
خلیفۂ شیخ الاسلام علامہ سید محمد مدنی اشرفی حفظہ اللہ
خطیب جامع مسجد محمدی کشن باغ حیدرآباد

ادارۂ تحقیقات علمیہ حیدرآباد (رجسٹرڈ)
ہمارے دعوتی پمفلٹس کو خرید کر ایصال ثواب کے لئے تقسیم کیجئے۔
ملنے کا پتہ: مکتبہ انوار المصطفیٰ 23-2-75/6 مغلپورہ حیدرآباد
موبائل نمبر 2570 351 960 - 8386 46 7386
www.islamic786.org
ashrafimessage@gmail.com
₹ 2/-



## جہنم کا تعارف قرآن مجید کی روشنی میں

قرآنی آیات اور احادیث کی روشنی میں جہنم کا مختصر تعارف حاضر خدمت ہے ارشاد ہوا کہ ''جہنم کے سات دروازے ہیں ہر دروازے کے لئے جہنمیوں میں ایک حصہ مخصوص کر دیا گیا ہے'' (سورۂ الحجر آیت 44)

.. جن لوگوں نے گناہ کئے ہیں انہیں اس گناہ کے مطابق ہی بدلہ دیا جائے گا۔ ذلت ان پر مسلط ہوگی۔ انہیں اللہ تعالیٰ سے بچانے والا کوئی نہیں ہوگا۔ ان کے چہروں پر ایسی تاریکی چھائی ہوگی جیسے رات کے سیاہ پردے پڑے ہوئے ہوں۔ یہ لوگ جہنمی ہیں جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ (سورۂ یونس آیت 18)

.. جہنمیوں کے زخموں سے بہنے والا خون اور پیپ نیز کھولتا ہوا پانی جہنمیوں کو پینے کے لئے دیا جائے گا۔ (سورۂ ابراہیم آیت 49_50)

.. اہل جہنم عذاب سے تنگ آ کر موت طلب کریں گے انہیں موت نہیں آئے گی۔ (سورۂ الفرقان آیت 13)

## جہنم کا تعارف احادیث کی روشنی میں

.. حضور ﷺ نے ایک مرتبہ فرمایا کہ لوگو! میں تمہیں آتش جہنم سے ڈراتا ہوں تم جہنم کی آگ سے بچاؤ کا سامان کرلو۔ صحابہ کرام فرماتے ہیں حضور ﷺ اللہ کے خوف کی شدت سے لرز رہے تھے اور آپ کے کندھوں سے چادر مبارک گر گئی تھی۔ (صحیح مسلم)

.. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جہنمی اس قدر روئیں گے کہ اگر ان کے آنسوؤں میں کشتیاں چلائی جائیں تو چلنے لگے، جہنمی خون کے آنسو بہائیں گے (صحیح مسلم)

.. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جہنم میں سب سے کم درجہ کا عذاب اس شخص کو ہوگا جسے آگ کی جوتیاں پہنائی جائیں گی جس سے اس کا دماغ کھولنے لگے گا۔ (صحیح مسلم شریف)

جہنم کے مختصر تعارف کے بعد اب ان اعمال کی نشاندہی کی جاتی ہے جن



کے سبب بندہ جہنم میں داخل ہوتا ہے۔

(1).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا احسان جتلانے والا ، والدین کا نافرمان اور شراب کا عادی جنت میں نہیں جائے گا۔ (نسائی شریف حدیث 685)

(2).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا وہ شخص جنت میں نہیں جائے گا جس کے دل میں ذرہ برابر بھی تکبر ہوگا۔ (صحیح مسلم حدیث 265)

(3).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا منہ اور شرم گاہ کے غلط استعمال کے سبب لوگ بکثرت جہنم میں جائیں گے۔ (ترمذی شریف حدیث 2004)

(4).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جس شخص کے پڑوسی اُس کی برائیوں سے محفوظ نہ ہوں وہ جنت میں داخل نہ ہوگا۔ (مسلم حدیث 172)

(5).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جنت میں چغلخور نہیں جائے گا۔ (مسلم)

(6).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جس شخص نے زہر پی کر خودکشی کر لی، تو وہ ہمیشہ جہنم میں زہر پیتا رہے گا۔ (بخاری، مسلم)

(7).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا قطع رحمی کرنے والا جنت میں داخل نہ ہوگا، یعنی رشتوں ناتوں کو توڑنے والا (بخاری شریف حدیث 5984)

(8).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جنت میں وہ گوشت داخل نہ ہوگا جو حرام رزق سے نشوونما پاتا ہے۔ (ابن حبان حدیث 15541)

(9).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص جھوٹی قسم کھا کر مسلمانوں کا حق مارے اللہ تعالیٰ اس کے لئے جہنم کی آگ واجب اور جنت کو اس پر حرام کردے گا۔ (مسلم شریف)

(10).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا بدزبان اور بدمزاج آدمی جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ (ابوداؤد شریف)

(11).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جس عورت نے بلاوجہ اپنے شوہر سے طلاق مانگی اُس پر جنت حرام ہے۔ (ترمذی شریف)



(12).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا وہ عورتیں جو لباس پہن کر بھی عریاں رہنے، لوگوں کو اپنی طرف مائل کرنے اور خود بھی مائل ہونے والی ہیں، یہ جنت میں نہیں جائیں گی۔ (مسلم)

(13).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا آخری زمانے میں کچھ لوگ کبوتر کے سینے جیسا کالا خضاب لگائیں گے ایسے لوگ جنت کی خوشبو تک نہ پائیں گے۔ (ابوداؤد شریف ج2 ص3548)

(14).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا ہر سرکش بخیل اور متکبر جہنمی ہے (بخاری شریف)

(15).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جھوٹ سے بچو کیونکہ جھوٹ گناہ کی طرف رہنمائی کرتا ہے اور گناہ آتش جہنم کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔ (بخاری شریف)

(16).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جس شخص سے دین کا مسئلہ دریافت کیا گیا اور اس نے اُسے (باوجود معلوم ہونے کے) چھپایا قیامت کے دن اُسے آگ کی لگام پہنائی جائے گی۔ (ترمذی شریف)

(17).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص کسی مسافر کو پانی پلانے سے انکار کرے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اُسے دردناک عذاب دے گا۔ (مسلم شریف)

(18).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا وہ شخص ملعون ہے جو اپنی بیوی (یا کسی) سے غیر فطری طریقہ سے جماع کرتا ہے۔ (ابوداؤد شریف)

(19).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جو ایک بالشت برابر زمین ظلم کر کے (حاصل کرے گا) قیامت کے دن ساتوں (طبق) زمین طوق بنا کر اُس کے گلے میں ڈالدی جائے گی۔ (بخاری شریف)

(20).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص اپنے اہل و عیال کو اللہ کی فرمانبرداری کا حکم دیتا ہے اور نہ ہی ان کو دینی اُمور کی تعلیم دیتا ہے وہ جہنم میں جائے گا۔ (کتاب الکبائر ص170)

(21).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص کسی مزدور سے کام لیتا ہے اور



اس کی مزدوری نہیں دیتا وہ جہنم میں جائے گا۔ (کتاب الکبائر ص170)

(22).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص کسی مسلمان کا حق چھین لیا اللہ تعالیٰ اس پر جہنم کو واجب اور جنت کو حرام کر دیا ہے۔ ایک صحابی نے عرض کیا اگرچہ کہ تھوڑا ہی ہو؟ ارشاد فرمایا پیلو (مسواک کی لکڑی) کے ایک ٹکڑے کے برابر (کیوں نہ) ہو۔ (کتاب الکبائر ص163)

(23).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا قیامت کے دن جھوٹی گواہی دینے والوں کے قدم (اپنی جگہ سے) ہٹیں گے نہیں حتیٰ کہ اس کے لئے جہنم واجب ہو جائے گی۔ (الترغیب والترہیب ج3 ص222)

(24).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا نشہ آور چیز پینے (اور کھانے) والے کو جہنمیوں کا پسینہ (ایک ترجمے کے مطابق) جہنمیوں کا پیپ پلایا جائے گا۔ (مسلم شریف ج2 ص168)

(25).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جہنم کے سات دروازے ہیں ان میں سے تکلیف کے اعتبار سے سب سے سخت اور بدبودار دروازہ زنا کاروں کے لئے ہے۔ (کتاب الکبائر ص87)

(26).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا بدفعلی کرنے اور کروا لینے والا جہنم میں جائے گا۔ (کتاب الکبائر ص92)

(27).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا میں نے جہنم میں کچھ لوگوں کو دیکھا ان کے پیٹ میں سانپ بچھو ہیں میں نے جبرئیل امین (علیہ السلام) سے پوچھا یہ کون ہیں؟ انہوں نے عرض کیا یہ سودخور ہیں۔ (تفسیر درمنثور ج4 ص153)

(28).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جو حاکم اپنی رعایا سے خیانت کرے گا وہ جہنم میں جائے گا۔ (مسند امام احمد بن حنبل ج5 ص255)

(29).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جادوگر پر بھروسہ کرنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ (مسند امام احمد بن حنبل ج5 ص399)



(30).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا پاکدامن اور گناہ سے بے خبر مومن عورتوں پر الزام لگانا مہلک کام ہے (بخاری شریف ج2 حدیث 1013)

(31).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جو کوئی کسی مومن کو جان بوجھ کر قتل کرے گا اس کا گناہ معاف نہیں ہوگا۔ (مسند امام احمد بن حنبل ج4 ص99)

(32).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جس شخص کے دنیا میں (دوغلہ پن کے سبب) دو چہرے ہونگے قیامت کے دن اس کے لئے آگ کی دو زبانیں ہونگی۔ (الترغیب والترہیب ج2 ص431)

(33).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شہرت کا لباس پہنے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اُسے ذلت کا لباس پہنائے گا پھر اس میں آگ لگا دے گا۔ (ابن ماجہ)

(34).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا تم میں سے کوئی مرد آدمی آگ کے انگارے ہاتھ میں لینا چاہتا ہے تو وہ (سونے) کی انگوٹھی پہن لیتا ہے (ترمذی)

(35).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص یہ پسند کرے کہ لوگ اس کے سامنے باادب کھڑے ہوں تو اللہ تعالیٰ سے آگ میں داخل کرے گا۔ (ترمذی)

(36).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جس نے جان بوجھ (کسی کے حق میں) فیصلہ کرنے میں ظلم کیا وہ جہنم میں جائے گا۔ (ابوداؤد حدیث 3051)

(37).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جو دنیا کمانے دین کا علم حاصل کرے گا اسے جنت کی خوشبو بھی نصیب نہیں ہوگی۔ (ابوداؤد حدیث 3051)

(38).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جو عورت اپنے شوہر کے سامنے زبان دراز کرتی ہے وہ جہنمی ہے (مسند احمد)

(39).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جس شخص نے میری جانب ایسی بات منسوب کی جو میں نے نہیں کہی وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔ (بخاری شریف)

(40).. حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا میری ساری اُمت جنت میں داخل ہوگی سوائے اس شخص کے جس نے میری نافرمانی کی۔ (بخاری شریف حدیث 6737)

اے ہمارے رحیم و کریم رب! ہمیں حضور ﷺ کی اتباع کرنے والوں میں شامل فرما ہمارے پچھلے تمام گناہوں کو معاف فرمایا اور آئندہ گناہوں سے بچا بطفیل نبی رحمت ﷺ کے۔ آمین

اشرفی مکتوب نمبر 14
اشرفی آفسٹ پریس: 7386467386-9603512570